تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(1)

نام کتاب : اسلامی آداب واخلاق

مصنف : مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی

ضخامت : 160 صفحات ۔ قیمت: الوقف للہ

ملنے کا پتہ: مرکزی انجمن سہروردیہ۔ایف 137 سنٹرل ایونیو روڈ' ایس۔آئی۔ٹی۔ای۔کراچی

رسول اللہ ﷺ کی زندگی بنی نوع انسان کے لیے اعلیٰ نمونہ ہے۔آپؐ کے اقوال وافعال اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے لیے آپؐ کی زندگی کو اسوۂ حسنہ قرار دیا ہے۔ چنانچہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے ہاں عزت حاصل کرنا چاہے اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرے۔ اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تحت حیاتِ طیبہ کا ایک ایک لمحہ محفوظ ہے۔ اگر کوئی پسندیدہ ترین آدابِ زندگی معلوم کرنا چاہے تو اسے آپ ﷺ کی زندگی سے مکمل راہنمائی مل جائے گی۔ آنحضور ﷺ کی عبادت کا انداز' آپؐ کے پسندیدہ معمولات' آپؐ کے معاملات' غرض زندگی کے ہر شعبہ کے لیے آپؐ کی حیاتِ طیبہ میں راہنمائی موجود ہے۔ اس کتاب کے مصنف نے کئی کتابوں کا خلاصہ اس کتاب میں اکٹھا کر دیا ہے۔ سو سے زیادہ عنوانات کے تحت رسول اللہ ﷺ کی احادیث کے ذریعے زندگی گزارنے کا بہترین لائحہ عمل واضح کیا گیا ہے۔ چنانچہ کسی انسان کو جو بھی صورتِ حال پیش آئے' اس کتاب کے ذریعے اسے اس کے بارے میں صحیح اسلامی تعلیمات مل سکتی ہیں۔

کتاب میں جابجا قرآنی آیات اور احادیث نبوی درج کی گئی ہیں' مگر اُن پر حرکات نہیں لگائی گئیں' لہٰذا ان کو صحیح طور پر پڑھنا عام قاری کے لیے دشوار ہے۔ خاص طور پر جو مسنون دعائیں درج ہیں' چونکہ اُن پر حرکات نہیں ہیں اس لیے اُن کو صحیح تلفظ کے ساتھ یاد کرنا ممکن نہیں۔ اگلے ایڈیشن میں اگر حرکات لگا دی جائیں تو کتاب کی افادیت زیادہ ہو جائے گی۔

کہیں کہیں مصنف نے رسول اللہ ﷺ کی احادیث کے ذریعے راہنمائی کرتے ہوئے